Total No. of Printed Pages—15

**X/24/Ur**

**2 0 2 4**

# URDU

( INDIAN LANGUAGE )

**( FOR CANDIDATES WITH INTERNAL ASSESSMENT )**

*Full Marks* : 80
*Pass Marks* : 24

**( FOR CANDIDATES WITHOUT INTERNAL ASSESSMENT )**

*Full Marks* : 100
*Pass Marks* : 30

*Time* : 3 hours

( FOR ALL CATEGORIES OF CANDIDATES )

*The figures in the margin indicate full marks for the questions*

ہدایات :

(*i*) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(*ii*) ہر سوال کو غور سے پڑھ کر سمجھئے اور حتی المقدور اپنے الفاظ میں جواب لکھنے کی کوشش کیجئے۔

(*iii*) سوالات کے لئے مارکس بائیں حاشئے پر درج ہیں۔

(*iv*) تحریر کی صفائی کا خاص خیال رکھتے ہوئے سوالوں کے برمحل اور موزوں جواب لکھئے۔

(*v*) **داخلی تخصیص** (**Internal Assessment**) والے امیدوار صرف سوال نمبر **1** تا سوال نمبر **11** کے ہی جواب لکھیں جبکہ **غیر داخلی تخصیص** (**Without Internal Assessment**) والے امیدوار سوال نمبر **1** تا سوال نمبر **14** تک کے سبھی سوالوں کے جواب تحریر کریں۔

## SECTION—I

**[ نثر (Prose) ]**

(*Marks* : 25)

**1-** (*a*) مندرجہ ذیل سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے : 1×5=5

(*i*) ڈرامہ 'آزمائش' کس تاریخی واقعہ پر مبنی ہے؟

(الف) 1947 کی تحریک آزادی پر

( ب ) 1857 کے المناک واقعہ پر

( ج ) 1942 کی جنگ عظیم پر

(*ii*) بچپن میں سرسید کی ' بسم اللہ ' کی تقریب کس بزرگ کی موجودگی میں منعقد ہوئی؟

(الف) حضرت شاہ غلام علی صاحب

( ب ) حضرت شاہ غلام رسول صاحب

( ج ) حضرت شاہ غلام ربّانی صاحب

*(iii)* مضمون ' مخلوط زبان ' کے مصنف کون ہیں؟

(الف) میر ببر علی انیس

( ب ) سید عابد حسین

( ج ) مولوی عبدالحق

*(iv)* منگو کوچوان کو ________ سے بڑی نفرت تھی۔

(الف) ہندوستانیوں سے

( ب ) انگریزوں سے

( ج ) منگولوں سے

*(v)* گاندھی جی کے والد نے اعتراف نامہ پڑھ کر کیا کیا؟

(الف) انہیں سخت سست کہا

( ب ) انہیں مارا

( ج ) اعتراف نامہ پھاڑ کر پھینک دیا

(b) مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھ کر انہیں جملوں میں استعمال کیجئے : 1×5=5

(i) چشم زدن میں

(ii) لغزش

(iii) مقدس

(iv) مخلوط

(v) ہوا سے باتیں کرنا

**2-** مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب لکھئے : 3×2=6

(a) ماں بی بی کون تھیں؟ سرسید احمد خاں کے بچپن میں ان کی کیا اہمیت تھی؟ 1+2=3

(b) منگو کوچوان کون تھا؟ اسے دنیا کے حالات کی خبریں کس طرح ملا کرتی تھیں؟ 1+2=3

(c) مہاتما گاندھی نے اپنی غلطیوں کے کفارے کے لئے کیا طریقہ اختیار کیا؟

**3-** مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی مع حوالہ وضاحت کیجئے : 4

(a) میں اس سے اسلئے ملتا ہوں کہ اس کی اصلاح کروں۔

(b) ان بزرگوں نے یہ اجازت دے رکھی تھی کہ جس کھیل کو تمہارا جی چاہے شوق سے کھیلو مگر کسی کھیل کو چھپا کر مت کھیلو۔

**-4** مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے : 5

(a) 'الطاف حسین حالی' ، یا 'مولوی عبدالحق' میں سے کسی ایک شخصیت کی ادبی خدمات اور حالات زندگی تحریر کیجئے۔

(b) مضمون ' نیا قانون' کا مختصر اور سلیس خلاصہ تحریر کیجئے۔

## SECTION—II

**[ (Poetry) نظم ]**

(*Marks* : 20)

**-5** مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے : 1×5=5

(a) عمر خضر سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(b) 'مطلع' کسے کہتے ہیں؟

(c) حسن نے خدا سے کیا سوال کیا؟

(d) 'آوارہ غربت' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(e) شاعر نے محبوب کی مسکراہٹ کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

**-6** مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک کی مع حوالہ تشریح کیجئے : 5

(a) ہر عیب سے مانا کہ جدا ہو جائے
کیا ہے اگر انسان خدا ہو جائے
شاعر کا تو بس کام یہ ہے ہر دل میں
کچھ دردِ حیات اور سوا ہو جائے

(b) ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقتِ مرگ

ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے

**7-** (a) مندرجہ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کی حیات و خدمات تحریر کیجئے : 5

(i) ڈاکٹر محمد اقبال

(ii) فراق گورکھپوری

(b) نظم 'آندھی' یا 'حقیقتِ حسن' کا خلاصہ سلیس زبان میں تحریر کیجئے۔ 5

## SECTION—III

### [ (Rapid Reader) : سُرعتی مطالع ]

(*Marks* : 10)

**8-** مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے : 2×5=10

*(a)* نور خاں کون تھا؟

*(b)* نور خاں نے کمانڈنگ آفیسر کی رپورٹ کیوں کی اور اس کا کیا اثر ہوا؟

*(c)* افسانہ ’ سخی ‘ میں مصنف ہوٹل میں کس کا منتظر تھا اور کیوں؟

*(d)* سلطان نے بابو جی سے اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر تھوڑی دور چلنے کی درخواست کیوں کی؟

*(e)* افسانہ ’سلطان‘ کی کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

## SECTION—IV

**[ (Grammar, Composition and Comprehension)**

**[ قواعد ، طرز نگارش اور فہم و ادراک ]**

(*Marks* : 25)

**9-** *(a)* مندرجہ ذیل سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے : 1×3=3

*(i)* '' حامد نے کھانا کھایا''۔ اس جملہ میں کون سا زمانہ پایا جا رہا ہے؟

(الف) زمانۂ ماضی

(ب) زمانۂ حال

(ج) زمانۂ مستقبل

*(ii)* '' مرغی نے انڈے دیئے''۔ اس جملہ میں ' فاعل ' کون ہے؟

(الف) مرغی

(ب) انڈے

(ج) دیئے

(iii) ’’ کتاب میز پر ہے‘‘۔ اس جملہ میں ’ پر‘ کیا ہے؟

(الف) حرفِ علت

(ب) حرفِ ندا

(ج) حرفِ جار

(b) مندرجہ ذیل واحد الفاظ کی جمع لکھئے : 1×3=3

(الف) شریف

(ب) تجویز

(ج) ذکر

(c) مندرجہ ذیل الفاظ کی ضد لکھئے : 1×3=3

(الف) خیر

(ب) مہمان

(ج) آغاز

(d) مندرجہ ذیل تذکیر کی تانیث لکھئے : 1×3=3

(الف) سلطان

( ب ) بندہ

( ج ) محبوب

(e) مندرجہ ذیل مترادف کو مکمل کیجئے : 1×3=3

(الف) ہوش و ———

( ب ) نرم و ———

( ج ) عجیب و ———

**10-** مندرجہ ذیل عناوین میں سے کسی ایک پر کم از کم 100 لفظوں پر مشتمل ایک مضمون لکھئے : 5

(a) ہمارا شہر شیلانگ

(b) آپ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہیں اور کیوں؟

**11-** مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھ کر ذیل میں دیئے گئے سوالات کا جواب لکھئے : 1×5=5

## اقتباس

" اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا یعنی دوسری تمام مخلوقات سے اعلیٰ و برتر۔ حالانکہ بہت سی مخلوقات بظاہر انسان کے مقابلہ میں زیادہ قوی ہیں اور انسان ان کے سامنے بہت ہی کمزور و ناتواں۔ لیکن دو چیزیں ایسی ہیں جن کی بنا پر انسان کو دوسری تمام مخلوقات پر افضلیت حاصل ہے۔ ایک ہے علم اور دوسری ہے عقل۔ علم اور عقل ہی کے ذریعہ انسان نے دوسری مخلوقات پر فوقیت حاصل کی۔

انسان ہمیشہ سے خوب سے خوب تر کی تلاش میں رہا ہے۔ اسی تلاش و جستجو سے بہت سی ایجادات سامنے آئیں ، نئی نئی چیزیں دریافت ہوئیں۔ نظامِ قدرت کے بہت سارے رازوں سے پردہ اٹھا اور انسان نے اپنی روزمرہ کی زندگی میں ان سے فائدہ اٹھایا۔ اس طرح انسان جس نے اپنی ابتدا غاروں سے کی تھی وہ چاند اور مریخ تک جا پہنچا۔

انسان نے تعلیم کے ذریعہ اپنے تجربات و مشاہدات کو اگلی نسلوں تک پہنچایا تاکہ آئندہ آنے والے لوگ ان تجربات و مشاہدات سے فائدہ اٹھائیں اور انہیں بنیاد بنا کر مزید غور و فکر اور کوشش کریں۔

اب یہ ذمہ داری آپ طلبہ پر ہے کہ اپنے علم و عقل کے ذریعہ انسانیت کو نئی اونچائیوں پر لے جائیں۔

**سوالات** :

(a) اللہ تعالیٰ نے کس کو کس پر فضیلت بخشی؟

(b) انسان ہمیشہ سے کس چیز کی تلاش میں رہا ہے؟

(c) انسان نے کس طرح اپنے تجربات و مشاہدات کو اگلی نسلوں تک پہنچایا؟

(d) انسان نے اپنی ابتدا کہاں سے کی اور کہاں پہنچا؟

(e) انسانیت کو نئی اونچائیوں تک پہنچانے کی ذمہ داری کس پر ہے؟

## SECTION—V

**(For the Candidates without Internal Assessment only)**

**(صرف غیر داخلی تخصیص والے امیدواروں کے لئے)**

(*Marks* : 20)

**12-** مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے : 2×5=10

(a) غالبؔ کا مکمل نام کیا ہے؟

(b) 'بابائے اردو' کے خطاب سے کسے نوازا گیا؟

(c) ' کلیات اقبال' کس کی تصنیف ہے؟

(d) ڈاکٹر محمد اقبال کہاں پیدا ہوئے؟

(e) محمد مجیب نے 1857 کے المناک تاریخی واقعہ سے متاثر ہو کر کون سا ڈرامہ لکھا؟

**13-** مندرجہ ذیل مصنفین / شعراء کی لکھی ہوئی کم از کم ایک ایک کتاب کا نام لکھئے : 1×5=5

(a) سعادت حسن منٹو

(b) مولانا الطاف حسین حالیؔ

(c) محمد اقبال

(d) سرسید احمد خاں

(e) مولوی عبدالحق

**14-** اردو ادب میں نثر و نظم کے فرق کو تفصیل سے واضح کیجئے۔ 5

★★★